پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا
ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، ، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001
فون: 0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

17 جون 2016

ریزرو بینک آف انڈیا نے نئی غیر بینکنگ مالیاتی کمپنیوں کے رجسٹریشن طریقۂ کار کو معقول اور آسان بنانے فیصلہ کیا ہے

نئی غیر بینکنگ مالیاتی کمپنیوں کے رجسٹریشن کے طریقۂ کار کو مزید آسان اور بغیر جھنجھٹ کے بنانے کے لئے منسلک ہونے والے دستاویزوں کی فہرست پر نظر ثانی کی ہے۔پیش کئے جانے والے دستاویزوں کی تعداد موجود 45 سے گھٹا کر 8-7 نئے طریقۂ کار میں کر دی گئی ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ اب سے دو مختلف طرح کے درخواست فارم ہوں گے پہلی طرح کا فارم ایسی غیر بینکنگ مالیاتی کمپنیوں کے لئے جو رقم نہیں جمع کرنے کی بنیاد پر کام کرتی ہیں وہ اپنے فنڈ میں سے صارف سے روبرو ہوتی ہیں الگ طرح کے فارم مندرجہ ذیل ہیں۔

(الف) ٹائپ۔I۔ایسی غیر بینکنگ مالیاتی کمپنیاں (این جی ایف سی۔این ڈی) جو عوام سے فنڈس براہ راست یا بالواسطہ نہیں لیتی ہیں۔نہ تو رقم کی شکل میں اور نہ ہی کمرشیل پیپرس، ڈبنچرس، کارپوریٹ ڈپازٹس وغیرہ کی شکل میں اور نہ ہی وہ مستقبل میں عوام سے اس طرح کے کسی بھی فنڈس کو حاصل کریں گی۔

(ب) ٹائپ۔II۔ایسی غیر بینکنگ مالیاتی کمپنیاں (این بی ایف سی۔این ڈی) جو عوام سے فنڈ میں حاصل کرتی ہیں اور مستقبل میں بھی وہ اپنے صارفین سے اس طرح کی بزنس کرنے کا ارادہ رکھتی ہیں۔

ٹائپ۔I۔معاملہ والی کمپنیوں کے لئے درخواستیں فاسٹ ٹریک طریقہ سے لی جائیں گی۔کیونکہ ایسی کمپنیاں عوام سے فنڈس حاصل نہیں کرتی ہیں۔اور نہ ہی ان کا ارادہ مستقبل میں بھی کسٹمر انٹرفیس کا ہے۔ان کی جانچ واسکروٹنی بہت گہرائی سے کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ایسی کمپنیوں کو سرٹیفکٹ آف رجسٹریشن جاری کرنا مشروط ہوگا۔ان کمپنیوں کو عوام سے فنڈس حاصل کرنے یا کسٹمر انٹرفیس کی ممانعت ہوگی اگر ایسی کمپنیوں کو عوام سے فنڈس حاصل کرنے یا کسٹمر انٹرفیس کی ضرورت لاحق ہوتی ہے تو ان کو ریزرو بینک آف انڈیا۔ڈپارٹمنٹ آف نان بینکنگ ریگولیشن سے پیشگی اجازت لینا ہوگی۔

مندرجہ ذیل فارموں میں ترمیم (نظر ثانی) کی گئی ہے اور ان کو آر بی آئی ویب سائٹ پر اپ لوگ کر دیا گیا ہے۔

(ا) درخواست فارم۔

(ب) ٹائپ۔I۔این بی ایف سی۔این ڈی کے رجسٹریشن کے لئے ضروری دستاویز۔

(ج) ٹائپ۔II۔این بی ایف سی۔این ڈی (جس میں شامل ہیں این بی ایف سی۔ایم ایف۔آئی، این بی ایف سی۔فیکٹر اور این بی ایف سی۔آئی ڈی ایف) کے رجسٹریشن کے لئے ضروری دستاویز۔

آن لائن کاس ماس (Cosmos) میں آر بی آئی کے درخواست فارم تبدیل کر دیئے گئے ہیں سوائے سی آئی سی۔این ڈی۔ایس آئی ایس۔اس کے لئے الگ درخواست فارم تجویز کیا گیا ہے۔مندرجہ بالا بتائے گئے درخواست فارم ہی نئی ٹائپ۔I۔این بی ایف سی۔این ڈی اور ٹائپ۔II۔این بی ایف سی۔این ڈی جس میں شامل ہیں۔این بی ایف سی۔ایم ایف آئی، این بی ایف سی۔فیکٹر، اور این بی ایف سی۔آئی ڈی ایف) کے لئے چاہئے ہوں گے۔مزید یہ کہ طریقۂ کار کو مرکزی

حیثیت کے مقصد سے نئی این بی ایف سی کے رجسٹریشن کے لئے درخواست فارم سینٹرل آفیس، ڈپارٹمنٹ آف نان بینکنگ ریگولیشن کو براہ راست مندرجہ ذیل پتہ پر ارسال کرنا ہوگا۔

چیف جنرل منیجر

ڈپارٹمنٹ آف نان۔بینکنگ ریگولیشن

ریزروبینک آف انڈیا

سینٹر ا، ورلڈ ٹریڈ سینٹر

ممبئی۔40005

آپ کو یہ مزید صلاح دی جاتی ہے کہ بتائی گئی دستاویزوں کی فہرست اشارتاً ہے تفصیلی نہیں ہے۔ ریزروبینک اگر ضروری سمجھتا ہے تو وہ این بی ایف سی کے رجسٹریشن کے لئے اس کی اہلیت سے مطمئن ہونے کے لئے مزید دستاویز مانگ سکتا ہے۔ اگر ریزروبینک کے ذریعہ دستاویزوں کی فہرست کے علاوہ کوئی اور دستاویز درخواست دہندہ کمپنی سے مانگے جاتے ہیں تو اسکو ایک مہینہ کے مقررہ وقت کے اندر جواب (دستاویز) داخل کرنا ہوں گے۔

پس منظر (بیک گراؤنڈ)

آپ کو پھر یاد دلایا جاتا ہے پہلی دوماہی مالیاتی پالیسی (بائی منتھلی نیٹری پالیسی) اسٹیٹمینٹ کی طرف، اس میں کہا گیا تھا کہ نئی غیر بینکنگ مالیاتی کمپنیوں کے رجسٹریشن کو مزید آسان اور بغیر جھنجھٹ کے بنانے کے لئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ نئی این بی ایف سی ز کے رجسٹریشن کے لئے معقول اور آسان طریقۂ کار کو اپنایا جائے۔ نئے درخواست فارم بہت سہل ہوں گے اور اس کے ساتھ منسلک ہونے والے دستاویزوں کو کم کر کے منیمم کر دیا جائے گا۔

پریس ریلیز2935/2015-2016

اجیت پرساد

اسٹنٹ ایڈوائزر